نعت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور کی جنہیں الفت نصیب ہوتی ہے انہیں خدا کی محبت نصیب ہوتی ہے
مطیع حق تو وہی خوش نصیب ہے بیشک جسے نبی کی اطاعت نصیب ہوتی ہے
وہ خوش نصیب ہے مقبولِ بارگاہِ خدا نبی کی جس کو زیارت نصیب ہوتی ہے
مقامِ سرورِ کونین دیکھنے کے لئے خوشا جنہیں یہ سعادت نصیب ہوتی ہے
یہ بارگاہِ رسالت مآب ہے وہ جگہ کہ جیتے جی جہاں جنت نصیب ہوتی ہے
جو بیٹھا سمت میں قدمینِ خواجۂ گیہاں اسے کمال کی رفعت نصیب ہوتی ہے
ریاضِ جنت ہو یا ہو مواجہ کی جانب فزوں بہشت سے لذت نصیب ہوتی ہے
خوشا وہ لوگ کہ خیرالنساء کی جا پہ جنہیں بصد تضرع عبادت نصیب ہوتی ہے
اصحاب صفہؓ کی جا پر جو لمحہ بھر بیٹھا اسے حضور کی قربت نصیب ہوتی ہے
منارو گنبدِ خضرا کی دید کب آقا عظیم تر مجھے نعمت نصیب ہوتی ہے

کب ایک بار بلانے کی پھر بھی صابر کو
حضور ایسی سعادت نصیب ہوتی ہے

محترم عبدالکریم صابر
ایڈیٹر، ہفت روزہ "مخلص"
ڈیرہ اسمٰعیل خان